**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# چیچک/ منکی پاکس ویکسین (JYNNEOS™): آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**چیچک/ منکی پاکس ویکسین (JYNNEOS™)** ویکسنیا وائرس سمیت چیچک، منکی پاکس اور آرتھوپاکس وائرس کی وجہ سے ہونے والی دیگر بیماریوں سے بچنے میں مدد مل سکتی ہے۔

چیچک ویریولا وائرس کی وجہ سے ایک بہت ہی سنگین بیماری ہے۔ کچھ لوگوں کو ایسے وائرس کی زد میں آنے کا خطرہ رہتا ہے جس کے سبب چیچک ہوتا ہے، اس میں وہ لوگ شامل ہیں جو ہنگامی حالات کی تیاری میں کام کرتے ہیں اور کچھ لیبارٹری میں کام کرنے والے اہلکار ہوتے ہیں۔ وائرس ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیل سکتا ہے، جس کی وجہ سے بخار ہو سکتا ہے اور جلد پر پتی جیسی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں۔ ماضی میں چیچک سے متاثر ہونے والے بہت سے افراد صحت یاب ہو گئے تھے، لیکن اس بیماری میں مبتلا ہر 10 میں سے تقریبا 3 افراد کی موت ہو گئی۔

منکی پاکس ایک شاذ ونادر بیماری ہے جس کی علامات چیچک کی علامات جیسی ہیں لیکن اس سے ہلکی ہیں۔ تاہم، منکی پاکس کی وجہ سے موت ہو سکتی ہے۔ منکی پاکس افریقہ میں ایک نمو پذیر انفیکشن ہے اور منکی پاکس کے درآمد شدہ معاملات کی وباء بعض اوقات ریاستہائے متحدہ امریکہ سمیت دیگر ممالک میں بھی پائی جاتی ہیں۔

لوگوں کے متاثرہ افراد (جیسے کہ کسی ایسے شخص کی زد میں آنا جس نے حال ہی میں ®ACAM2000، چیچک کی ویکسین کی دوسری قسم کا ٹیکہ لیا ہے) یا جانور کی زد میں آنے سے ویکسنیا وائرس بیماری کا سبب بن سکتا ہے۔ لیبارٹریوں میں ویکسنیا وائرس کے ساتھ کام کرنے والے افراد حادثاتی طور پر وائرس کی زد میں آ سکتے ہیں اور اگر وہ متاثر ہوجاتے ہیں تو، وہ بیمار پڑ سکتے ہیں۔ تاہم، زیادہ تر ویکسنیا وائرس انفیکشن علاج کے بغیر خود ہی حل ہو جاتے ہیں۔

## 2. چیچک/ منکی پاکس ویکسین (JYNNEOS™)

چیچک/ منکی پاکس ویکسین (JYNNEOS™) کو کمزور زندہ ویکسنیا وائرس کا استعمال کرتے ہوئے بنایا گیا ہے اور چیچک، منکی پاکس، یا کسی اور متعدی بیماری کا سبب نہیں بن سکتا ہے۔

JYNNEOS™ کو فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) **نے 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ایسے بالغوں میں چیچک اور منکی پاکس کی بیماری کی روک تھام کے لیے منظوری دی ہے جنہیں چیچک یا منکی پاکس انفیکشن کا زیادہ خطرہ ہے۔**

- CDC نے کچھ لیبارٹری اہلکاروں اور ہنگامی حالات میں امدادی ٹیم کے ارکان کے لیے JYNNEOS™ کی سفارش کی ہے جو وائرس کی زد میں آ سکتے ہیں جو کہ آرتھوپاکس وائرس انفیکشنز کا سبب بنتے ہیں۔
- CDC ان لوگوں کے لیے ویکسین پر غور کرنے کی سفارش کرتا ہے جنہوں نے ®ACAM2000 لیا ہے، یا جو آرتھوپاکس وائرس سے متاثرہ مریضوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

JYNNEOS™ کو عام طور پر 2 انجیکشن کی ایک سیریز کے طور پر 4 ہفتوں کے وقفے پر دیا جاتا ہے۔ جن لوگوں نے ماضی میں چیچک کی ویکسین لگوائی ہے انہیں صرف 1 خوراک کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

بوسٹر خوراک کی ہر 2 یا 10 سال میں سفارش کی جاتی ہے اگر کوئی شخص چیچک، منکی پاکس، یا دیگر آرتھوپاکس وائرس کی زد میں آنے کے مسلسل خطرے میں رہتا ہے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں کہ اگر کوئی شخص ویکسین لے رہا ہے تو اسے:

- چیچک کے ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد **الرجی زا ردِعمل ہوا ہو**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجی ہو**
- **مدافعتی نظام کمزور ہے**
- حاملہ ہے یا انہیں لگتا ہے کہ وہ حاملہ ہو سکتی ہے یا **اپنا دودھ پلا رہی ہے**

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی ملاقات تک ™JYNNEOS کے ساتھ معمول کے (پری ایکسپوژر) چیچک/ منکی پاکس ٹیکہ کاری کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر ™JYNNEOS کی معمول کی (پری ایکسپوژر) ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔ **اگر آپ کو منکی پاکس وائرس کی زد میں آنے کی وجہ سے ™JYNNEOS لینے کی سفارش کی گئی ہے تو، آپ کو بیک وقت بیماریوں، حمل، چھاتی سے دودھ پلانے، یا کمزور مدافعتی نظام سے قطع نظر ویکسین دی جانی چاہیے۔**

™JYNNEOS کو عام طور پر دیگر ویکسینوں کے وقت کی پرواہ کیے بغیر دیا جا سکتا ہے۔ تاہم، کچھ لوگوں میں غلاف دل کی سوزش (دل کے پٹھوں کی سوجن) نامی کیفیت کے خطرے میں اضافہ ہو جاتا ہے، جن میں نوعمر یا نوجوان بالغ مرد شامل ہیں، COVID-19 ویکسین لینے سے پہلے ™JYNNEOS ویکسینیشن کے بعد 4 ہفتوں تک انتظار کرنے پر غور کر سکتے ہیں۔**اگر آپ کو منکی پاکس وائرس کی زد میں آنے کی وجہ سے ™JYNNEOS لینے کی سفارش کی گئی ہے تو، آپ کو ٹیکہ لگایا جانا چاہیے خواہ آپ نے حال ہی میں COVID-19 ویکسین لگوائی ہو۔**

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- ٹیکہ لگنے والی جگہ پر لالی، درد، سوجن، اور خارش عام بات ہے جو ™JYNNEOS کی ٹیکہ کاری کے بعد ہوتی ہیں۔
- کبھی کبھار ™JYNNEOS کی ٹیکہ کاری کے بعد تھکاوٹ (تھکن)، سر درد، اور پٹھوں میں درد بھی ہو سکتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

آپ اپنے اسمارٹ فون کا استعمال کرتے ہوئے اور **vsafe.cdc.gov** پر جا کر ™JYNNEOS ویکسین کی کوئی بھی خوراک حاصل کرنے کے بعد V-safe میں اندراج کروا سکتے ہیں۔ V-safe ایک حفاظتی نگرانی والا نظام ہے جو آپ کو CDC کے ساتھ اشتراک کرنے دیتا ہے کہ آپ، یا آپ کے منحصر، ™JYNNEOS ویکسین لینے کے بعد کیسا محسوس کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے **www.cdc.gov/vsafe** ملاحظہ کریں۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیاہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** پر ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. انسداد چوٹ سے متعلق معاوضہ کا پروگرام

انسداد چوٹ سے متعلق معاوضہ والا پروگرام (Countermeasures Injury Compensation Program) ایک وفاقی پروگرام ہے جو طبی نگہداشت کے اخراجات اور بعض لوگوں کے دیگر مخصوص اخراجات کی ادائیگی میں مدد کر سکتا ہے جنہیں کچھ ادویات یا ویکسینز کے سبب شدید مضرت کا سامنا ہوا ہے۔ اگر آپ کو چیچک/ منکی پاکس ویکسین کی وجہ سے ضرر پہنچا ہے تو، آپ اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں **www.hrsa.gov/cicp**، یا اس پر کال کریں **1-855-266-2427 (855-266-CICP)**۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر کال کرینیا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/poxvirus/monkeypox** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org